برِّصغیر میں مسلم فکر کا ارتقا

مصنّف : قاضی جاوید

ناشر : ادارۂ ثقافتِ پاکستان - ۱۲۹ سی - ماڈل ٹاؤن - لاہور

صفحات : ۲۳۶ - کاغذ، طباعت، جلد بہتر - قیمت پچیس روپے

"برصغیر میں مسلم فکر کا ارتقا" بڑا اہم، جاندار اور بھاری بھرکم موضوع ہے - فی الواقع اس موضوع کو مدارِ فکر ٹھہرانے اور عنوانِ تحقیق قرار دینے کی ضرورت تھی - یہ بکھرا ہوا مواد آج تک یک جا نہیں ہوا - مسلمانوں نے برِصغیر پاک و ہند میں (اب بنگلہ دیش کو بھی اس میں شامل کیجیے) جو فکری خدمات انجام دیں، وہ بے حد و حساب ہیں - مختلف علما اور مفکرین نے اپنے اپنے دائرے میں بے پناہ کام کیا اور اس خطۂ ارض کو وہ فکری توانائی بخشی کہ شاید ہی کوئی دوسرا ملک اس میں ان کا مقابلہ کر سکے - یہ کتاب دیکھ کر ہمیں مسرت ہوئی کہ ہمارے اسلاف کے ان کارناموں کو نمایاں کرنے کے لیے کام کا آغاز کر دیا گیا ہے اور مرتب شکل میں یک کتاب معرضِ تصنیف میں آگئی ہے -

لائق مصنف نے اس کتاب کو تین جلدوں میں مکمل کرنے کا عزم کیا ہے - پہلی جلد حضرت علی ہجویری سے لے کر شاہ ولی اللہ دہلوی کے فکری ارتقا تک کو محیط ہے، جو اس وقت پیشِ نگاہ ہے - دوسری جلد سید احمد خاں سے اقبال تک کے مسلم حکما کے فکری ارتقا پر مشتمل ہوگی ور تیسری جلد میں پاکستان کے اربابِ حکمت کو مرکزِ التفات ٹھہرایا جائے گا -

کتاب کے بعض مقامات پر اختلاف کی گنجائش ہے اور اس میں ایک سے زائد رائیں ہو سکتی ہیں -